Roll No..

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **4**

SA-108

B.A. (Part–III) DUE Part–I Suppl. Examination, 2021

URDU

Paper - I

(Prose and Drama)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) تہذیب الاخلاق رسالہ کس نے جاری کیا؟

(ii) پریم چند کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھئے۔

(iii) ''کلیم دولت آباد میں'' مضمون کے مصنف کون ہیں؟

(iv) پطرس بخاری کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(v) مضمون ''بہادروں کے کارنامے'' میں کس ملک کے بہادروں کے کارنامے بیان کئے گئے ہیں؟

(vi) کرشن چندر کا کون سا ڈرامہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(vii) ''سیر پہلے درویش کی'' مضمون کس داستان میں سے لیا گیا ہے؟

(viii) ناول کسے کہتے ہیں؟

(ix) بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟

(x) افسانہ کسے کہتے ہیں؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

''کیوں صاحب روٹھے ہی رہو گے یا منو گے بھی اور اگر کسی طرح نہیں منتے تو روٹھنے کی وجہ تو لکھو۔ میں اس تنہائی میں صرف خطوں کے بھروسے جیتا ہوں۔ یعنی جس کا خط آیا میں نے جانا کہ وہ شخص تشریف لایا۔ خدا کا احسان ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جو اطراف و جوانب سے دو چار خط نہیں آ رہتے ہوں۔ بلکہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ دو دو بار ڈاک کا ہرکارہ خط لاتا ہے۔ ایک دو صبح کو ایک دو شام کو۔ میری دل لگی ہو جاتی ہے۔

(ب)

بٹیر کیا اُڑ گئے نواب کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ ٹپ ٹپ آنسو گر رہے ہیں۔ کلیجہ بلیوں اُچھل رہا ہے۔ چہرے پر ہوائیاں اُڑی ہوئی ہیں۔ ہائے میرا صف شکن۔ پیارا صف شکن۔ وہ نکیلی چونچ۔ وہ بیتابی سے کانگن چکھتا۔ چکھی کھائی اور ڈٹ گیا۔ سیکڑوں معرکوں میں لڑایا مگر کورا آیا کسی بانکپن سے جھپٹ کر لات دیتا تھا کہ پالی تھر تھرا اٹھتی تھی۔ یہ تو میں پہلے ہی

سے جانتا تھا کہ وہ حقانی جانور ہے۔صورت بٹیر کی مگر سیرت فقراء کی۔

3 ''کلیم دولت آباد میں'' سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

4 سرسید کی مضمون نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

5 پطرس بخاری کی مزاحیہ نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

6 ڈرامہ کسے کہتے ہیں؟ ڈرامہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

7 میرامّن کی زبان کی خصوصیات لکھئے۔

8 مُلا وجہی کی نثر نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی دو(2) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔
سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

9 ''دروازے کھول دو'' ڈرامہ میں اہم کردار کون کون سے ہیں؟ سب کا الگ الگ جائزہ پیش کیجئے۔

10 کرشن چندر کی ڈرامہ نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

11 مضمون ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کی روشنی میں محمد حسین آزاد کی انشائیہ نگاری کا جائزہ پیش کیجئے۔

12 اردو ڈرامہ نگاری کا ارتقاء بیان کیجئے۔